تبصرے

ارمغانِ مالک :- جلد اوّل ودوم وسوم مرتبہ مجلس ارمغانِ مالک نئی دہلی، قیمت ہر جلد تیس روپے مجموعی صفحات ایک ہزار سے زیادہ۔ پتہ :- مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، دلی۔

جناب مالک رام صاحب اردو زبان کے نامور ادیب، محقق اور مصنف اور غالبیات کے معروف ماہر ہیں۔ اور بڑی بات یہ ہے کہ عربی زبان اور اسلامی علوم و فنون کا مطالعہ بھی وسیع ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں چند مقالات کے علاوہ ان کی کتاب "اسلام اور عورت" ان کے اس مطالعہ کی عملی دلیل ہے، وہ جب کسی بھی موضوع پر لکھتے ہیں اس پر پورے طور پر حاوی ہوکر لکھتے ہیں، اس موقع پر یہ بات دلچسپی سے سنی جائے گی: کئی برس کی بات ہے، ایک مرتبہ چند حضرات کی معیت میں پروفیسر محمد مجیب نے راقم الحروف سے دریافت کیا "کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی عورت سے بیعت لیتے وقت اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا ہے؟" میں سوچنے لگا اور ابھی اس سوال کا جواب نہ دینے پایا تھا کہ مالک رام صاحب جو اس مجمع میں موجود تھے حسب معمول محققانہ پندار کے لب ولہجہ میں بولے: جی نہیں! کبھی نہیں، میں احادیث کا تمام ذخیرہ کھنگال چکا ہوں، مجھے کہیں کوئی حدیث اس کے خلاف نہیں ملی، خیر! ان کے علمی اور تحقیقی ذوق کی پختگی اور اس کے فطری ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اعلیٰ سرکاری ملازمت کی خشک اور ہمہ وقت کی مصروفیات کے باوجود ان کا تصنیفی سرمایہ اتنا زیادہ ہے کہ جو لوگ اس کی بڑی بڑی تنخواہ پاتے ہیں ان کا بھی نہیں ہوتا، علم وادب اور تحقیق میں اس نمایاں امتیاز کے مالک ہونے کے باعث ان کے دوستوں نے جن کا حلقہ